شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23مئی 2022

# پریس ریلیز

## فیڈرل شریعت کورٹ کے سود کے خلاف فیصلہ پر مرحلہ وار عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** فیڈرل شریعت کورٹ کے سود کے خلاف فیصلہ پر مرحلہ وار عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ 28اپریل 2022ء کو سود کے خلاف اپنے معرکۃ الآرا فیصلہ میں فیڈرل شریعت کورٹ نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو ہدایت کی تھی کہ یکم جون 2022ء تک تمام متعلقہ قوانین سے 'interest'یعنی سود اور ربا کے الفاظ کو ہذف کیا جائے۔ علاوہ ازیں ایسی تمام عبارتیں جن میں ربا اور سود کو اُن معنوں میں استعمال کیا گیا ہے جن کو فیڈرل شریعت کورٹ نے اپنے حالیہ فیصلہ میں ربا کی تعریف کے مطابق حرام قرار دیا ہے اُن کو بھی تمام متعلقہ قوانین سے ہذف کیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اور معیشت سے متعلقہ تمام ریاستی اداروں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ فیڈرل شریعت کورٹ کے ربا کے خلاف فیصلہ پر مرحلہ وار عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ سودی نظام وہ ناسور ہے جس کے ذریعہ عالمی استعماری قوتیں دنیا بھر میں طاغوتی نظام کو مستحکم کرنے میں کامیاب ہو چکی ہیں۔ پاکستان ایک اسلامی نظریاتی ریاست ہے۔ لہٰذا ہمارا نظریہ جو ہمارے وجود کی بنیاد ہے، پھر یہ کہ ہمارا آئین اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ جلد سے جلد اللہ اور رسول ﷺ سے جاری جنگ کو ختم کیا جائے تا کہ اللہ کی رحمتیں اس ملک پر نازل ہوں۔ اس سے نہ صرف ہم پاکستان کی بقا اور سلامتی کے امیدوار بن جائیں گے بلکہ ہماری آخرت بھی سنور جائے گی۔ ان شاءاللہ!

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 23 May 2022**

**"The step-wise implementation of the decision against riba given by the Federal Shariat Court must be ensured."**

**Lahore (PR): "The step-wise implementation of the decision against riba given by the Federal Shariat Court must be ensured."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that the Federal Shariat Court had given direction to the government to delete the words 'interest' from all laws, as well as to delete phrases in all other areas from all laws by 1 June 2022, where the explicit or implied use falls within the meaning of banking interest or any increase on the due payment due to delay, all of which has been declared as riba and prohibited by the Federal Shariat Court. The Ameer said that it is the responsibility of the government and all relevant economic institutions to ensure the step-wise implementation of the decision in the riba case given by the Federal Shariat Court. The truth is that the system of riba is that evil, which plays a central role in assisting the imperil powers of the world to impose and strengthen their malevolent system. Pakistan is an Islamic ideological state. Our raison d'etre as well as our constitution demands that we promptly stop this war that we are waging against Allah *(SWT)* and His messenger *(SAAW)* so that Pakistan could receive the blessings and mercy of Allah *(SWT)*. Only then can we make serious claims about maintaining the stability and security of our country and we will also become eligible for success in the Hereafter. *In Sha Allah!*

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**